# 06-06-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔حیدرآباد میں رہائشی علاقوں کے قریب ایک لاکھ اندراماں مکانات تعمیر کرنے وزیر ہاؤسنگ سرینواس ریڈی کا اعلان۔

۲۔سوڈان سے حیدرآباد آنے والے ایک شخص میں ایبولا وائرس کی عدم موجودگی کی تصدیق ہوگئی ۔اسے ایبولا کی علامات ظاہر ہونے پر سکندرآباد کے گاندھی ہاسپٹل منتقل کیا گیا تھا۔

۳۔ چیف الیکٹورل آفیسر سدرشن ریڈی نے واضح کیا ہے کہ انتخابی عمل میں شفافیت اور ساکھ کو مزید مضبوط بنانے کے لئے ای وی ایم مشینوں کی حفاظت کو اولین ترجیح دی جارہی ہے۔

اور

۴۔مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ یوگا کو اپنی روزمرہ کی زندگی کا حصہ بنائیں اور ملک کی ثقافت کو دنیا بھر میں روشناس کرائیں۔

## KOHEDA MARKET FOUNDATION LAID

رنگاریڈی ضلع کے کوہیڈا میں انٹی گریٹڈ فروٹ مارکٹ کا سنگ بنیاد وزیراعلیٰ ریونت ریڈی آج شام رکھیں گے۔ یہ منصوبہ 179 ایکڑ اراضی پر 3 ہزار 387 کروڑ روپے کی لاگت سے خانگی عوامی شراکت داری کے تحت تعمیر کیا جارہا ہے جسے اگلے تین سالوں میں مکمل کرلیا جائے گا۔وزیر اعلیٰ کسانوں کے ایک پروگرام سے خطاب بھی کریں گے۔حکومت کے مطابق اس مارکٹ کے قیام سے تقریباً25 ہزار افراد کو بالواسطہ اور بلاواسطہ روزگار کے مواقع ملیں گے۔وزیر زراعت ٹی ناگیشور راؤ نے کہا کہ کوہیڈا فروٹ مارکٹ باغبانی کے کسانوں کے لئے ایک تحفہ ثابت

ہوگی۔انہوں نے مزید بتایا کہ اس مارکٹ میں پھلوں کی تجارت، کولڈ اسٹوریج، ٹرانسپورٹ اور مارکٹنگ کے لئے تمام جدید ترین سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

HYD PTC

HOUSES FOR POOR

ریاست میں غریبوں کے اپنے ذاتی مکان کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لئے حکومت نے ایک اور اہم قدم اٹھایا ہے۔حکومت نے حیدرآباد میں سرکاری اراضی پر غریبوں کے لئے اندرماں مکانات تعمیر کرنے کا عزم کیا ہے۔روزگار میں کسی رکاوٹ کے بغیر، رہائشی علاقوں کے قریب ہی ایک لاکھ مکانات تعمیر کیے جائیں گے۔وزیر مال و ہاؤسنگ پی سرینیواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ اس اسکیم کے تحت خواتین کو فائدہ پہنچاتے ہوئے مکانات کے پٹے ان ہی کے نام پر دیے جائیں گے۔وزیر موصوف نے سکریٹریٹ میں ہاؤسنگ سکریٹری وی پی گوتم اور دیگر عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ 400 اسکوائر فٹ کے رقبہ پر مکانات کے ڈیزائن تیار کریں۔وزیر موصوف نے واضح کیا کہ مالی سال 2026-27 کے لئے ریاست بھر میں مجموعی طور پر 3 لاکھ 50 ہزار اندرماں مکانات کے لئے انتظامی منظوری پہلے ہی دی جا چکی ہے۔

HYD PTC

OUTRAGE OVER HIKE IN LAND VALUES

تلنگانہ میں اراضیات کی مارکٹ قیمتوں میں اضافہ پر بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے شدید برہمی کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے بغیر کسی سائنسی بنیاد کے اراضیات کی

قیمتوں میں اچانک اضافہ کر دیا ہے جس سے عام آدمی کے اپنے گھر کا خواب چکنا چور ہو رہا ہے۔انھوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پہلے سے ہی بحران کا شکار رئیل اسٹیٹ شعبہ اراضیات کی قیمتوں میں اس اضافہ سے مزید متاثر ہوگا۔انھوں نے کہا کہ جن افراد نے پرانی قیمتوں کے مطابق چالان جمع کرائے ہیں ان پر بھی یہ اضافہ لاگو کرنا سراسر ناانصافی ہے۔

HYD PTC

EBOLA NEGATIVE

سوڈان سے حیدرآباد آنے والے ایک شخص میں ایبولا وائرس کی عدم موجودگی کی تصدیق ہوگئی ہے۔ 35 سالہ شخص میں ابتدائی طور پر ایبولا کی علامات ظاہر ہونے پر حال ہی میں اسے سکندرآباد کے گاندھی ہاسپٹل منتقل کیا گیا تھا جہاں ڈاکٹروں نے اسے آئسولیشن وارڈ میں رکھ کر علاج کیا۔ اس دوران مریض کے نمونے حاصل کر کے پونے کے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف وائرولوجی لیب بھیجے گئے تھے تاہم جانچ کی رپورٹ منفی آئی ہے۔

HYD PTC

THREAD POCHAMPALLY

ریاستی حکومت کے باوقار پروگرام تلنگانہ رائزنگ کے حصہ کے طور پر حیدرآباد کے ہائی ٹیکس میں تھریڈ پوچم پلی نمائش جاری ہے۔اس ہینڈلوم کپڑوں کی نمائش کا افتتاح گزشتہ روز ریاستی وزیر ہینڈلوم و ٹیکسٹائل ٹینا گیشور راؤ نے کیا۔تین دنوں تک جاری رہنے والی یہ نمائش کل اختتام پذیر ہوگی۔اس موقع پر وزیر ناگیشور راؤ نے کہا کہ ان کا مقصد پوچم پلی کے ہینڈلوم آرٹ کو بین الاقوامی سطح پر پہچان دلانا ہے۔انھوں نے مزید بتایا کہ پوچم پلی اکت کپڑوں کو ملنے والا جی آئی

ٹیاگ یہاں کے مقامی کاریگروں کی تخلیق کاری اورمہارت کاعالمی اعتراف ہے۔

DESK

CPI CLASSES

سی پی آئی کے سینئر لیڈر وسابق ایم ایل اے چاڈا وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ ہم عصر سیاست کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور کارکنوں کو لیڈر بنانے کے مقصد سے تربیتی کلاسوں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ ویمل واڑہ میں متحدہ کریم نگر ضلع سی پی آئی کونسل کے ارکان کے سیاسی تربیتی کیمپ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دنیا، ملک اور ریاست میں رونما ہونے والی تبدیلیوں اور انسانیت کو درپیش مسائل کو سمجھنے میں یہ تربیتی کلاسیں کافی مددگار ثابت ہوں گی۔ اس موقع پر چاڈا وینکٹ ریڈی نے الزام لگایا کہ مرکز کی مودی حکومت کارپوریٹ طاقتوں کی پشت پناہی کررہی ہے۔

SIRSILLA PTC

World Environment Day

عالمی یومِ ماحولیات کی خصوصی مہم کے حصہ کے طور پر منتھنی کے فاریسٹ رینج آفیسر ایم ونئے نائک نے کہا ہے کہ جنگلی حیات اور پرندوں کے تحفظ میں عوامی شراکت داری انتہائی اہم ہے۔ آج متھارام منڈل میں پرندوں کی مہم اور جنگلی حیات کی بیداری کا پروگرام منعقد کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ پرندے اور جنگلی حیات قدرتی توازن کو برقرار رکھنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کے ذریعہ ہی ہم آنے والی نسلوں کو ایک صحت مند ماحول فراہم کرسکتے ہیں۔ انہوں نے جنگلات، تالابوں اور قدرتی وسائل کے تحفظ کے لئے عوام سے

تعاون کی اپیل کی۔

PTC Peddapalli

Sudarshan Reddy

چیف الیکٹورل آفیسر سدرشن ریڈی نے واضح کیا ہے کہ انتخابی عمل میں شفافیت اور ساکھ کو مزید مضبوط بنانے کے لئے ای وی ایم مشینوں کی حفاظت کو اولین ترجیح دی جارہی ہے۔انہوں نے آج سنگاریڈی ضلع ہیڈکوارٹر کے پرانے ڈی آر ڈی اے آفس کے احاطہ میں واقع ای وی ایم گودام کا معائنہ کیا۔اس موقع پر بات کرتے ہوئے انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ انتخابی مواد کی حفاظت کے معاملہ میں کسی بھی قسم کی لاپرواہی کی گنجائش نہیں ہونی چاہیۓ اور تمام احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں۔انہوں نے گودام پر نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی مسلسل نگرانی اور سیکیورٹی عملہ کو الرٹ رہنے کا حکم دیا، ساتھ ہی ای وی ایم کی دیکھ بھال میں الیکشن کمیشن کی گائیڈ لائنس پر سختی سے عمل کرنے کی تاکید کی۔

PTC Sangareddy

Vivek Venkataswamy

وزیر روزگار ڈاکٹر جی ویویک وینکٹ سوامی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ ریاست میں ریت کے ذریعہ حاصل ہونے والی آمدنی میں اضافہ کے ساتھ ساتھ غیر قانونی کھدائی اور اسمگلنگ کو روکنے کے لئے نگرانی کے نظام کو مزید مضبوط کیا جائے۔انہوں نے آج حیدرآباد میں ڈاکٹر بی آر امبیڈکر تلنگانہ سکریٹریٹ کے اپنے چیمبر میں تلنگانہ اسٹیٹ منرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے عہدیداروں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں

ریاست بھر میں ریت کی دستیابی، انتظام، آمدنی میں اضافہ کے مواقع اور نظام میں ضروری اصلاحات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر موصوف نے ریت کی سپلائی کے تمام امور میں شفافیت برقرار رکھنے اور لاریوں کی آمدورفت پر نظر رکھنے کے لئے ایک مربوط مانیٹرنگ سسٹم قائم کرنے کی ہدایت دی۔

Desk

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ یوگا کو اپنی روزمرہ کی زندگی کا حصہ بنائیں اور ملک کی ثقافت کو دنیا بھر میں روشناس کرائیں۔ انہوں نے بتایا کہ عالمی یومِ یوگا کی مناسبت سے اس ماہ کی 20 تاریخ کو ایل بی اسٹیڈیم میں ایک بڑے اجتماعی یوگا پروگرام کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ کواڑی گوڑہ کے سی جی او ٹاورس میں منعقدہ یوگا کے تیاری اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ یوگا کو بین الاقوامی سطح پر پہچان دلانے اور 21 جون کو 'عالمی یومِ یوگا' قرار دئے جانے کا سہرا وزیراعظم نریندر مودی کے سر جاتا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ یوگا ڈے کے موقع پر اپنے گھروں اور کالونیوں میں یوگا کریں اور ایل بی اسٹیڈیم کے پروگرام کو کامیاب بنائیں۔

Desk

BJP MLA

تلنگانہ میں فیس ری ایمبرسمنٹ کے بقایا جات کی عدم ادائیگی پر کاماریڈی سے بی جے پی کے ایم ایل اے، کے وینکٹ رمنا ریڈی نے ریاستی حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ حیدرآباد میں

پارٹی کے مرکزی دفتر میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے انکشاف کیا کہ گزشتہ حکومت کے دور سے لے کر موجودہ کانگریس انتظامیہ تک تقریباً 14 ہزار کروڑ روپے کے بقایا جات زیرِ التوا ہیں۔ انہوں نے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس کی وجہ سے 40 لاکھ سے زائد طلبہ کا مستقبل تاریکی میں ڈوب رہا ہے اور سرٹیفکیٹس نہ ملنے کی وجہ سے نوجوان ڈلیوری بوائز کے طور پر کام کرنے پر مجبور ہیں جو کہ انتہائی بدقسمتی کی بات ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر کم از کم 4 ہزار کروڑ روپے جاری کر کے دیہی علاقوں کے تعلیمی اداروں کو بحران سے بچائے۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ اگر اگلے 15 دنوں میں حکومت نے اس پر کوئی مثبت ردعمل نہیں دیا، تو وہ طلبہ کے ساتھ مل کر ریاست گیر سطح پر احتجاجی تحریک شروع کریں گے۔

PTC Hyderabad